علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: خواتین پولیس (371)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	(الف) خالی جگہ مناسب الفاظ کی مدد سے پُر کریں:	(10)
	۱۔ تمام سزاؤں کی غرض ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہونی چاہیے۔ (انتقام ۔دہشت ۔اصلاح)	
	۲۔ قانونی نظریہ حقوق اس بات پر زور دیتا ہے کہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہی حقوق کا تعین کرتا ہے۔ (انسان ۔قانون ۔فرد)	
	۳۔ آکسفورڈ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی سب سے پرانی درسگاہ کا نام ہے۔ (برطانیہ ۔امریکہ ۔کینیڈا)	
	۴۔ سزائے ۔۔۔۔۔۔۔۔ نوعیت کے لحاظ سے زیادہ سنگین نہیں، بلکہ اس سے صرف اصلاح جرم مقصود ہے۔ (موت ۔عمر قید ۔غیر معیاد)	
	۵۔ جنرل ضیاء الحق نے سال ۔۔۔۔۔۔۔۔ میں ملک میں آئین معطل کر کے مارشل لاء نافذ کر دیا۔ (1979 - 1978 - 1977)	
	(ب) صحیح اور غلط کی نشاندہی کیجئے:	(10)
	۱۔ جن جرائم کا ذمہ دار فردِ واحد ہو، اُنہیں انفرادی جرائم کہا جاتا ہے۔ ص/غ	
	۲۔ جرمیات کا مطالعہ معاشرتی خدمت اور پیشہ وارانہ صلاحیت کا ضامن بنتا ہے۔ ص/غ	
	۳۔ 1840ء میں کھوپڑیوں کو دیکھ کر مجرم کو شناخت کرنے کا طریقہ اپنایا گیا۔ ص/غ	
	۴۔ مجرموں کو نفسیاتی طور پر بیمار سمجھ کر علاج کرنا انتقامی نظریہ کی خصوصیت ہے۔ ص/غ	
	۵۔ دہلی کے سلطان نے بغداد میں اسلامی حکومت قائم کی۔ ص/غ	
سوال نمبر۔2	اسلامی نقطۂ نظر سے خواتین کی ملازمت پر تفصیل سے بحث کریں۔	(20)
سوال نمبر۔3	جرائم کے انفرادی زندگی پر اثرات کس طرح مرتب ہوتے ہیں؟ تحریر کریں۔	(20)
سوال نمبر۔4	جرائم کے مختلف سائنسی نظریات کا ایک سرسری جائزہ پیش کریں۔	(20)
سوال نمبر۔5	پولیس کے انتظامی ڈھانچے اور اس کی درجہ بندی کے حوالے سے ایک نوٹ تحریر کریں۔	(20)
سوال نمبر۔6	پاکستان میں عورت کی حیثیت اور سماجی کردار کی اہمیت بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔7	انتظام تحفظِ عامہ کے مختلف اُصول بیان کریں۔	(20)
سوال نمبر۔8	درج ذیل عنوانات میں سے کسی دو پر مختصر نوٹ لکھیں۔ ۱۔ فطری حقوق کا نظریہ ۲۔ حقوق کا تاریخی پس منظر ۳۔ ذرائع ابلاغ کا کردار ۴۔ بچوں کی بے راہ روی	(20)

****